ان غیر ملکیوں کے لیے جو جاپان میں سکونت پذیر افراد کی حیثیت سے رجسٹرڈ ہیں

اکتوبر 2015 کے آغاز میں، آپ کو آپ کے 12 ہندسے کے سوشل سیکیورٹی اور ٹیکس نمبر (جس کو انفرادی نمبر یا "میرا نمبر" بھی کہا جاتا ہے) سے مطلع کیا جائے گا۔

1. انفرادی نمبر (جس کو عرف عام میں "میرا نمبر" کہا جاتا ہے) کیا ہے؟

انفرادی نمبر سوشل سیکیورٹی اور ٹیکس نمبر سسٹم کے تحت جاری کیے جاتے ہیں، جو متعدد ایجنسیوں کے پاس بکھری پڑی ذاتی معلومات کو اس شخص کے نام کے تحت جس سے ان کا تعلق ہو مربوط کرنے اور ایک ساتھ مجتمع کرنے کی بنیاد ہے۔ یہ سسٹم سوشل سیکیورٹی اور ٹیکس کے نظاموں کی لیاقت اور شفافیت کو بہتر بنانے کے لیے سماجی بنیادی ڈھانچے کا کام کرتا ہے، جس سے عوام کو زیادہ سہولت ملتی ہے، اور ایک شفاف اور انصاف پسند معاشرے کی تخلیق ہوتی ہے۔
جاپان میں مکینوں کی حیثیت سے رجسٹرڈ غیر ملکی افراد (وسط مدتی مکین، خصوصی مستقل مکین، وغیرہ) کو بھی ان کے انفرادی نمبر موصول ہوں گے۔

2. انفرادی نمبر کس وقت استعمال کیا جائے

- آپ اپنا انفرادی نمبر آمدنی کے سرٹیفکیٹس بنانے اور ٹیکس کی رقوم روک کر رکھنے کے لیے آپ کے آجر کے استعمال کرنے کے لیے پیش کریں گے، جو ٹیکس اور سوشل سیکیورٹی کے طریق کار کے لیے درکار ہوتے ہیں۔
- آپ اپنا انفرادی نمبر ٹیکس کے طریق کار کے لیے مستعمل قانونی دستاویزات پر علامت نویسی کے لیے سیکیورٹی فرموں اور بیمہ کمپنیوں کو پیش کریں گے۔
- آپ اپنا انفرادی نمبر اپنے ملازم کے پنشن والے فوائد کا دعوی کرنے کے لیے پنشن آفس کو پیش کریں گے۔
- آپ اپنا انفرادی نمبر رفاہی فوائد حاصل کرنے کے لیے اپنے میونسپل آفس (دفتر بلدیہ) کو پیش کریں گے۔

3. لازمی طریقہ کار

- میونسپل آفس آپ کے رجسٹرڈ پتے پر ایک اطلاعی کارڈ بھیجے گا۔
اگر آپ کا حالیہ پتہ رجسٹرڈ نہیں ہے تو ممکن ہے آپ کو اطلاعی کارڈ نہ مل سکے۔ براہ کرم پیشگی طور پر اپنے رجسٹرڈ پتے کی تصدیق کریں۔
- اکتوبر 2015 کے شروع میں، ہر گھرانے کو ریکارڈ شدہ ڈیلیوری کے ذریعے، اطلاعی کارڈز پر مشتمل ایک لفافہ موصول ہوگا جس پر گھرانے کے ممبروں کے انفرادی نمبر درج ہوں گے۔ یہ کارڈ اہم ہے کیونکہ یہ ٹیکس اور سوشل سیکیورٹی کے طریق کار میں آپ کے انفرادی نمبر کو ثابت کرتا ہے۔
دھیان رکھیں کہ اس کو غلطی سے پھینک نہ دیں۔
- آپ ایک انفرادی نمبر کارڈ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
درخواست کے متعدد اختیارات دستیاب ہیں، جیسے ایک انفرادی نمبر کارڈ کیلئے درخواست ڈاک سے واپس بھیجنا جس کے ساتھ آپ کے چہرے کی تصویر منسلک ہو ، یا اسمارٹ فون سے لی گئی آپ کے چہرے کی تصویر کے ساتھ آن لائن درخواست دینا۔ درخواست کے تفصیلی طریق کار اکتوبر 2015 میں یا اس کے بعد ارسال کیے جانے والے لفافے میں منسلکہ ہدایاتی مواد میں بیان کیے جائیں گے۔
- اس کے بعد آپ کو ایک انفرادی نمبر کارڈ موصول ہوگا۔
جنوری میں یا 2016 کے اواخر میں، آپ کو ایک اطلاع موصول ہوگی کہ آپ کا انفرادی نمبر کارڈ اجراء کے لیے تیار ہے۔ اگر آپ وہ کارڈ میونسپل آفس میں وصول کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو، براہ کرم درج ذیل تین آئٹمز لے کر آئیں۔ پہلی بار اجراء بلا معاوضہ ہے۔
  - ✓ اطلاعی کارڈ
  - ✓ اجراء کی اطلاع (جو درخواست کے بعد موصول ہوئی)
  - ✓ ذاتی ID (ڈرائیور کا لائسنس، پاسپورٹ، رہائشی کارڈ، وغیرہ)

4. انفرادی نمبر کارڈ کیا ہے؟

- یہ کارڈ آپ کے انفرادی نمبر سے متعلق کسی بھی کارروائی میں انفرادی نمبر اور شناخت دونوں کو ثابت کرتا ہے۔ یہ آپ کے باضابطہ ID کارڈ کا بھی کام کرتا ہے۔
- آپ کارڈ میں ایک الیکٹرانک سرٹیفکیٹ بلا معاوضہ شامل کر وا سکتے اور آن لائن ٹیکس ریٹرنز کے لیے اسے استعمال کر سکتے ہیں۔
- آپ اپنی مقامی انتظامیہ کے آرڈیننسز کے ذریعہ کی گئی صراحت کے مطابق اس کی جانب سے پیش کردہ خدمات وصول کرنے کے لیے بھی کارڈ کو استعمال کر سکتےہیں (جیسے، سرکاری لائبریری کی خدمات، سیل رجسٹریشن سرٹیفکیٹس کا اجراء)۔ کچھ میونسپلٹیز (بلدیات) کنوینئنس اسٹورز کو بھی عوامی سرٹیفکیٹس جاری کرنے کی اجازت دیں گی۔
- آپ کا بنیادی رہائشی رجسٹریشن کارڈ اس کی اختتامی تاریخ تک درست رہے گا۔ تاہم، آپ کو ایک انفرادی نمبر کارڈ حاصل ہو جانے کے بعد اسے واپس کر دینا ضروری ہے۔
- انفرادی نمبر کارڈ پر موجود IC چپ میں آپ کا نام، پتہ، تاریخ پیدائش، جنس، انفرادی نمبر، اور کارڈ کے سامنے والے حصے پر تحریر دیگر معلومات، نیز قابل اطلاق ہونے پر الیکٹرانک سرٹیفکیٹ شامل ہوگا۔ کوئی انتہائی حساس ذاتی معلومات، جیسے آپ کی آمدنی، کو ریکارڈ نہیں کیا جائے گا۔

5. انفرادی نمبر کو استعمال کرنے میں احتیاطی تدابیر

- کسی کو بھی تب تک انفرادی نمبر استعمال یا حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ قانون کے ذریعہ اس کی اجازت نہ ہو۔ اپنا انفرادی نمبر بے احتیاطی سے دوسروں کو نہ دکھائیں۔
- کوئی بھی ایسا شخص جو ناجائز طریقے سے دوسروں کے انفرادی نمبرز حاصل کر لیتا ہے اور کوئی بھی ایسا مجاز شخص جو دوسروں کے انفرادی نمبرز کو استعمال کرتا ہو، جو غیر قانونی طریقے سے انفرادی نمبروں اور دیگر حساس ذاتی معلومات پر مشتمل فائل تیسرے فریق کو مہیا کرتا ہو وہ سزا کا مستوجب ہوگا۔

6. رابطے کی معلومات

- کال سنٹر کی معلومات

0178-20-0570 (جاپانی)
0291-20-0570 (انگریزی، چینی، کوریائی، ہسپانوی، اور پرتگالی)

[30 ستمبر 2015 تک]
9:30-17:30 کام والے دن (اواخر ہفتہ، قومی تعطیلات، اور اختتام سال/سال نو کی تعطیلات کو بند رہتا ہے)۔
[1 اکتوبر 2015 تا 31 مارچ 2016]
9:30-20:00 کام والے دن، 9:30-17:30 اواخر ہفتہ اور تعطیلات

نوٹ: کال چارجز لاگو ہوں گے کیونکہ یہ نیوی ڈائل سروسز ہیں۔